# 23-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے تروننتاپورم اور چرلہ پلی امرت بھارت اکسپریس ریل کا آج کیرالہ کے تروننتاپورم میں افتتاح کیا۔

۲۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی کی خصوصی دلچسپی کے ذریعہ مرکزی حکومت نے میڈارم جاترا کیلئے تین کروڑ 70 لاکھ روپیوں کو جاری کیا۔

۳۔ ڈاؤس میں منعقد ہوئے عالمی اقتصادی فورم 2026ء میں تلنگانہ حکومت تقریباً 30 ہزار کروڑ کی سرمایہ کاری کے معاہدے کئے۔

اور

۴۔ ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ 2047ء کے ویژن کے تحت کام کرنے والی ریاستی حکومت بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری حاصل کررہی ہے۔

## Amrit Bharat

وزیراعظم نریندر مودی نے تروننتاپورم اور چرلہ پلی امرت بھارت اکسپریس ریل کا آج کیرالہ کے تروننتا پورم میں افتتاح کیا۔ اس کے ذریعہ تلنگانہ کو مزید ایک امرت بھارت اکسپریس کی خدمات دستیاب ہوئی ہیں۔ اس ٹرین کے علاوہ مزید دو امرت بھارت اکسپریس ریلیں اور ایک پاسنجر ریل کا بھی وزیراعظم نے افتتاح کیا۔ یہ ریل ہر منگل کو صبح سات بج کر 15 منٹ کو چرلہ پلی سے روانہ ہوگی اور دوسرے دن دوپہر کو تروننتاپورم پہنچے گی اور پھر دوبارہ اسی روز شام 5 بج کر 30 منٹ کو تروننتاپورم سے چرلہ پلی کو روانہ ہوگی۔ یہ ریل تلنگانہ۔ آندھراپردیش۔ کیرالہ کے درمیان سفر کی سہولت کو بہتر بنائے گی۔

Khammam Corporation

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے آج کھمم کارپوریشن کے حدود میں اربن پرائمری ہیلتھ سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ کھمم شہر تعلیم اور صحت کے میدان میں آگے ہے۔ اس کو مزید بہتر بنانے کی ذمہ داری شہریوں پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھمم میں رہنے پر ہمارے بچوں کو اچھی تعلیم اور سرکاری ہاسپٹلوں میں معیاری طبی سہولیات فراہم ہونے کا اعتماد عوام میں پایا جاتا ہے۔انہوں نے شہر کو صاف ستھرا رکھنے اور تعلیم اور صحت کی خدمات کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔

Sound Byte thummala

netaji subhas chatarbus

آج مجاہد آزادی اور آزاد ہند فوج کے بانی نیتا جی سبھاش چندر بوس کی یوم پیدائش کو پراکرم دیوس کے طور پر منایا جارہا ہے۔ اِس موقع پر مختلف اہم شخصیات نے ان کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی، وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، بی سی ویلفیر کے وزیر پونم پربھاکر نے نیتا جی سبھاش چندر بوس کی خدمات کو یاد کیا۔

Punnam

حیدرآباد کے انچارج منسٹر پونم پربھاکر نے کہا کہ جی ایچ ایم سی کے نواحی میونسپلٹیوں کو ضم کرتے ہوئے اور عہدیداروں کا تقرر کرتے ہوئے ترقی دینے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ خیریت آباد اسمبلی حلقہ کے بنجارہ ہلز این بی ٹی نگر میں ساڑھے آٹھ کروڑ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے گئے ملٹی پرپز فنکشن ہال کا ریاستی وزیر نے افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سابقہ بی آر ایس کے دس سالہ حکومت میں اضافی ایک خطرہ پانی بھی حیدرآباد کو نہیں لایا گیا جبکہ کانگریس حکومت گوداوری فیس 2 پراجکٹ کے ذریعہ شہر کو ضرورت کے مطابق پانی لارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین گروپوں کو بلاسودی قرض دیا جارہا

ہے۔حیدرآباد میں مقیم خواتین کو مہیلا گروپوں میں شامل ہونے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی بنانے کے مقصد کے تحت حکومت کام کررہی ہے۔

Sound Byte Punnam

Governor Tour

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے سوریہ پیٹ ضلع کے حضورنگر اسمبلی حلقہ میں واقع مٹاپلی مندر کا دورہ کرتے ہوئے وہاں خصوصی پوجا کی۔ اس موقع پر گورنر نے مٹاپلی مندر کیلئے نئ عمارت اور نئے پکوان گاہ کی عمارت کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا اوراس کے علاوہ گورنر نے حضورنگر اسمبلی حلقہ میں 123 کروڑ کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے گورنمنٹ اگریکلچر کالج کی عمارت اورکوداڑ اسمبلی حلقہ میں پچاس کروڑ کی لاگت کے ذریعہ تعمیر کئے جانے والے جواہر نودیا تعلیمی ادارہ کی نئ عمارت کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔اِس موقع پر گورنر نے کہا کہ سوریہ پیٹ ضلع میں واقع مٹاپلی لکشمی نرسمہا سوامی مندر کی ترقی کیلئے وہ ممکنہ تعاون فراہم کریں گے۔اس موقع پرریاستی وزرأاتم کمارریڈی،ٹی ناگیشورراؤبھی موجود تھے۔

Mahesh Kumar Gour

تلنگانہ صدر پردیش کانگریس مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ کانگریس حکومت اگر انتقامی سیاست کرتی تو بی آر ایس کے قائدین جیلوں میں ہوا کرتے تھے۔انہوں نے کہا کہ قانون کے مطابق ہی کیسوں کی پوچھ تاچھ ہورہی ہے۔ بی آر ایس کے دورحکومت میں اپوزیشن کے قائدین کے علاوہ ان کے ہی پارٹی کے لیڈروں کےفون ٹیپ ہونے کا انہوں نے الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ بی آرایس کے دور میں فون پر بات کرنے پربھی ڈرمحسوس ہوا کرتا تھا۔547افراد کےفون ٹیپ ہونے کا عہدیداروں نے انکشاف کیا ہے۔ کے سی آر کی دختر کویتا کی جانب سے پردہ فاش کئے گئے امور کا ثبوت دینے کا مطالبہ کیا۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے حیدرآباد میں دی نیشنلسٹک تھنکرس فورم کی جانب سے منعقد کئے گئے نیتا جی سبھاش چندر بوس کے یوم پیدائش پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نیتاجی سبھاش چندر بوس نے اکھنڈ بھارت کیلئے پورے ہندوستان کو متحد کیا تھا۔ اس کیلئے مرکزی حکومت ان کی یوم پیدائش کو قومی دن کے طور پر منارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اپنی ذمہ داری سنبھالنے کے بعد اکھنڈ بھارت کی تعمیر کے کوششوں کا آغاز ہوا ہے۔ اس ضمن میں ہندوستان کو ایک طاقتور ملک بنانے کے لئے مختلف پروگرام عمل میں لائے جارہے ہیں۔ کشن ریڈی نے کہا کہ وکست بھارت کے مقصد کے تحت مرکز کی نریندر مودی حکومت کام کررہی ہے۔ جی 20 مما لک میں ہندوستان سب سے زیادہ ترقی کرنے والے ملک میں کھڑا ہے۔

Telangana - MoUs

ڈاؤس میں منعقد ہوئے عالمی اقتصادی فورم 2026ء میں تلنگانہ حکومت تقریباً 30 ہزار کروڑ کی سرمایہ کاری کے معاہدے کی ہے۔ ریاست میں آئرن کی پیداوار کی یونٹ کے قیام کیلئے ایک مشہور کمپنی رشیما گروپ کے ساتھ 12 ہزار 500 کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری کا ایک بڑا معاہدہ بھی کی ہے۔ اس پروجیکٹ کے ذریعہ کئی ہزار افراد کو روزگار کے مواقع دستیاب ہوں گے جبکہ کیلیفورنیا سے تعلق رکھنے والی بلیز ادارے نے حیدرآباد میں کام کرنے والے اپنے تحقیقاتی مرکز کو توسیع دینے پر توجہ دی ہے اور اس کا بھی ایک معاہدہ کیا گیا جبکہ سلواکیا سے تعلق رکھنے والے نیوکلر پروڈکٹس تلنگانہ میں 300 میگاواٹ والے چھوٹے پیمانہ کے نیوکلر ریاکٹر پر مبنی سافٹ ایندھن پروجیکٹ کی ترقی کیلئے دلچسپی دکھائی ہے۔ تقریباً چھ ہزار کروڑ کی لاگت کی سرمایہ کاری سے اس کو قائم کیا جائے گا۔

Child Protection Commission

ریاستی اطفال کی حفاظت کے کمیشن کی چیرمین سیتا دیا کر ریڈی نے کہا کہ نومولود بچوں سے لے کر 18 سال کی عمر کے بچوں کی حفاظت کیلئے محکمہ اطفال کا کمیشن کام کر رہا ہے۔انھوں نے کریم نگر کے دورہ کے موقع پر ضلع مرکز میں واقع گورنمنٹ ہاسپٹل اور ماتا ششو تحفظ کے مرکز کا دورہ کیا۔اس موقع پر چیر پرسن سیتا دیا کر ریڈی نے کہا کہ کریم نگر ضلع میں بچوں اور خصوصی ضروریات کے حامل بچوں کو فراہم ہونے والے طبی خدمات اور سہولتوں کا جائزہ لیا گیا۔

Sound Byte Seetha Dayakar Reddy

Medaram Jatara Central fund

گریجن کمبھ میلہ کے طور پر مشہور ایشیاء کے سب سے بڑے قبائلی تہوار میڈارم جاترا کیلئے مرکزی حکومت نے فنڈ جاری کئے۔مرکزی وزیر کشن ریڈی کی خصوصی دلچسپی کے ذریعہ مرکزی منسٹری آف سیاحت و قبائلی بہبود کی وزارت نے تین کروڑ 70 لاکھ روپیوں کو جاری کیا۔مرکزی محکمہ سیاحت کی جانب سے میڈارم کے اطراف واقع ملگ ۔لکناورم میڈارم ۔تاڑوائی ۔دندراوائی ۔ملوراور بوگتا آبشار جیسے علاقوں میں سیاحت کو فروغ دینے کے لئے گریجن سرکیوٹ کے نام پر سابق میں 80 کروڑ کی لاگت کے ذریعہ سیاحوں کو درپیش سہولتوں کو فراہم کیا گیا تھا۔اسی طرز پر یونیسکو کی جانب سے نشاندہی کئے گئے رامپا مندر کی ترقی کیلئے 140 کروڑ روپیوں کو مرکزی حکومت خرچ کر رہی ہے۔

Pragati

وزیراعظم نریندر مودی کی فعال حکمرانی اور بر وقت عمل درآمد سے متعلق فلیگ شپ پلیٹ فارم کا 50واں اجلاس کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا۔اس اسکیم کا آغاز وزیراعظم نے سال 2015 میں کیا تھا،جس کے تحت ملک بھر میں متعدد بنیادی ڈھانچے کے منصوبے مکمل کیے جا رہے ہیں۔

اسی خصوصی سیریز کے تحت آج راجستھان کے اہم جے پور- سیکر- چورو گیج کنورشن منصوبے سے متعلق تفصیلی رپورٹ پیش کی جارہی ہے۔اس منصوبے کووزارتِ ریلوے کی نگرانی میں نارتھ ویسٹرن ریلوے نے کامیابی کے ساتھ مکمل کیا۔اس منصوبے کے تحت تقریباً 320 کلومیٹر طویل میٹر گیج ریلوے لائن کو براڈ گیج میں تبدیل کیا گیا۔اس منصوبے پر مجموعی طور پر 1222 کروڑ روپے کی لاگت آئی۔اس کوریڈور کوقومی براڈ گیج ریلوے نیٹ ورک سے منسلک کردیا گیا ہے،جس سے علاقائی اور بین الریاستی رابطہ مزید مضبوط ہوا ہے۔وزیراعظم نریندر مودی نے ستمبر 2016 میں اس منصوبے کا پرگتی پلیٹ فارم کے تحت جائزہ لیا تھا۔پرگتی کی قیادت میں کی قیادت میں مختلف وزارتوں کے درمیان مسلسل تال میل کے باعث اس منصوبے پر کام تیزی سے آگے بڑھا۔ان کوششوں کے نتیجے میں اپریل 2019 میں جے پور- سیکر- چورو براڈ گیج سیکشن کا باضابطہ افتتاح ممکن ہوسکا،جواس منصوبے کی ایک اہم کامیابی ہے۔

Komatireddy

ریاستی وزیرکومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ رائزنگ 2047ء کے ویژن کے تحت کام کرنے والی ریاستی حکومت گلوبل سمٹ میں پانچ لاکھ 75 ہزار کروڑ کی سرمایہ کاری کوحاصل کی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کے علاوہ ڈاوس میں جاری عالمی اقتصادی کانفرنس میں بھی بڑے پیمانے پر ریاست کوسرمایہ کاری آئی ہوئی ہے۔ریاستی وزیر نے ہائی ٹیکس میں منعقد ہونے والے ایس ٹیک پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پرانہوں نے یہ بات کہی۔